Education
Centre for Education
Statistics & Evaluation

Urdu

Tell Them From Me student survey
میری طرف سے یہ بتائیں طالبلعموں کا سروے
Frequently Asked Questions (parents and carers)
اکثر پوچھے جانے والے سوالات (والدین اور نگران)

تعلیمی شماریات و جائزہ کا مرکز (CESE)

1. میری طرف سے یہ بتائیں *(Tell Them From Me)* طالبلعموں کا سروے کیا ہے؟

Tell Them From Me طالبلعموں کا سروے ان عوامل کے بارے میں سوالات پوچھتا ہے جن کا تعلیمی کامیابی اور دیگر نتائج پر اثر معلوم ہے۔ اس کا مقصد طالبلعموں کے تعلیمی نتائج کو بہتر بنانے میں مدد دینا ہے۔ یہ سروے سکول کی سطح اور سسٹم کی سطح پر طالبعلموں کے نقطۂ نظر سے ملنے والی آگہی کو ماپنے، جانچنے اور رپورٹ کرنے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔ اس نیو ساؤتھ ویلز سروے کا مرکز نگاہ طالبعلموں کی فلاح، مشغولیت اور مؤثر تعلیمی معمولات ہیں۔

2. سروے میں کس طرح کے سوالات پوچھے جائیں گے؟

سروے کے سوالات **پرائمری سکولوں** کیلئے مندرجہ ذیل معاملات سے تعلق رکھتے ہیں:

کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت	سکول میں رویّہ	مؤثر تحصیل علم کا وقت
سیکھنے کیلئے انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کا استعمال	گھر کے کام کے سلسلے میں رویّہ	متعلقہ اور باالصول تدریس
وابستگی کا احساس	دلچسپی اور شوق	ثابت قدمی
مثبت تعلقات	کوشش	ستائے جانے کا تجربہ
سکول کے نتائج کی قدر کرنا	مہارتیں اور تعلیمی چیلنج	سکول میں ایڈووکیسی
استاد اور طالبعلم کے مثبت تعلقات	کامیابی کی توقعات	سیکھنے کیلئے مثبت ماحول

سروے کے سوالات **سیکنڈری سکولوں** کیلئے مندرجہ ذیل معاملات سے تعلق رکھتے ہیں:

کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت	گھر کے کام کے سلسلے میں رویّہ	کامیابی کی توقعات
مہارتیں اور تعلیمی چیلنج	تعلیمی حوالے سے ذاتی شعور	سکول میں رویّہ
ستائے جانے کا تجربہ	سکول سے بھاگنا	وابستگی کا احساس
دلچسپی اور شوق	مؤثر تحصیل علم کا وقت	امنگیں: Year 12، یونیورسٹی، TAFE مکمل کرنا
مثبت تعلقات	کوشش	متعلقہ اور باالصول تدریس
خیریت	سکول کے نتائج کی قدر کرنا	سیکھنے کیلئے مثبت ماحول
تعلیم میں بحال ہونے کی صلاحیت	سکول میں ایڈووکیسی	سکول سے باہر ایڈووکیسی
استاد اور طالبعلم کے مثبت تعلقات	سیکھنے کیلئے انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کا استعمال	ثابت قدمی

3. اس میں شریک ہونے کیلئے سکولوں کو کس طرح چنا گیا ہے؟

اس سروے میں نیو ساؤتھ ویلز کے تمام سکول مفت شریک ہو سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے سکول نے شرکت کا فیصلہ کیا ہے۔

4. اس سروے میں شرکت سے میرے بچے کے سکول کو کس طرح فائدہ پہنچے گا؟

Tell Them From Me طالبعلموں کا سروے سکولوں کے پرنسپلوں اور سربراہوں کو اپنے سکول میں، طالبعلموں کے نقطۂ نظر سے، طالبعلموں کی مشغولیت، فلاح اور مؤثر تعلیمی معمولات کے بارے میں آگہی فراہم کرے گا۔

سروے کے جوابات سے حاصل شدہ ڈاٹا کو جلد ہی سکولوں کے سربراہوں کیلئے رپورٹوں میں درج کر دیا جاتا ہے۔ پرنسپل پھر ان معلومات کو ابھرتے ہوئے مسائل کی نشاندہی کرنے اور سکول کی بہتری کی منصوبہ بندی میں مدد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

5. سروے میں شرکت کیلئے میرے بچے کو کیا کرنے کی ضرورت ہو گی؟

سروے میں بالعموم 30 منٹ سے کم لگتے ہیں اور یہ سروے بنانے والی کمپنی *The Learning Bar* کے زیرانتظام ایک محفوظ ویب سائیٹ کے ذریعے مکمل طور پر آن لائن انجام دیا جاتا ہے۔ سکول لیپ ٹاپ کمپیوٹر فراہم کریں گے تاکہ طالبعلم سکول کے اوقات میں سروے مکمل کر سکیں۔

6. کیا میرے بچے کیلئے شریک ہونا ضروری ہے؟

نہیں، سروے میں شرکت آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر آپ یا آپ کا بچہ نہ چاہتے ہوں تو آپ کا بچہ شریک نہیں ہو گا۔ اگر، سروے کے دوران، آپ کے بچے/بچی کو ٹھیک محسوس نہ ہو تو وہ کسی بھی وقت سروے روک سکتا/سکتی ہے۔ سروے کے اکثر سوالات ایسے ہیں کہ انہیں چھوڑ کر آگے بڑھا جا سکتا ہے۔ والدین/طالبعلموں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ طالبعلم کی تفصیلات تک رسائی اور ان میں درستگی کی درخواست کریں۔

7. کیا سکول میرے بچے کے جوابات سے اسے پہچان سکے گا؟

سکولوں کا عملہ انفرادی طالبعلموں کے جوابات سے انہیں پہچان نہیں سکے گا۔ رازداری یقینی بنانے کیلئے، شریک ہونے والے طالبعلموں کو ایک منفرد یوزر نیم اور پاس ورڈ ملے گا۔ جب پانچ سے کم افراد سروے کا جواب دیں تو سکول کے رپورٹنگ کے ذرائع پر ڈاٹا کو چھپانے والے اصولوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

سٹیٹ کی سطح پر تجزیہ کرنے کی غرض سے ڈیپارٹمنٹ کے تعلیمی شماریات و جائزہ کے مرکز (Centre for Education Statistics and Evaluation (CESE)) کے عملے کی ایک بہت کم تعداد کو انفرادی طالبعلموں کے جوابات تک رسائی حاصل ہو گی۔ انفرادی طالبعلموں کے ڈاٹا کو ایک محفوظ سرور پر رکھا جائے گا اور اس تک رسائی کڑے طور پر صرف CESE محققین تک محدود ہو گی۔ محققین کو صرف رجحانات میں دلچسپی ہے – طالبعلموں کے انفرادی جوابات میں دلچسپی نہیں۔ کسی اشاعت میں کسی طالبعلم کی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی۔ کسی سکول کی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی، سوائے اس کے کہ سکول نے اجازت دی ہو۔

8. سروے کے ڈاٹا کا کس قسم کا تجزیہ کیا جائے گا؟

طالبعلموں کے سروے مکمل کر لینے کے بعد رپورٹیں تیار کی جاتی ہیں اور اکثر صورتوں میں تین دفتری ایام کے اندر یہ رپورٹیں سکولوں کیلئے دستیاب ہو جاتی ہیں۔ سکولوں کے سربراہ ڈاٹا کو اپنے سکول میں والدین کے تجربات اور خیالات کو بہتر طور پر سمجھ پانے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

CESE سٹیٹ کی سطح پر سروے کے ڈاٹا کا تجزیہ کرے گا، اس تجزیے میں ڈیپارٹمنٹ کی تحویل میں طالبعلموں کے موجودہ ڈاٹا کے ساتھ ساتھ کارکردگی کا ڈاٹا بھی شامل ہے۔

نتائج سے تمام سکولوں کو فلاح، مشغولیت، مؤثر تدریس اور طالبعلموں کے سیکھنے کے بیچ تعلق کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملے گی۔ اس ڈاٹا پر CESE کے تجزیے کے نتائج سے اساتذہ اور پرنسپلوں کو یہ بات چیت کرنے میں بھی مدد ملے گی کہ طالبعلموں کے نتائج بہتر بنانے کیلئے کیا کارآمد ہے۔ یہ معیاری تدریس اور رہنمائی پر ڈیپارٹمنٹ کی مسلسل توجہ میں معاون ہے۔ ڈاٹا کو آئندہ تجزیے کیلئے محفوظ رکھا جائے گا تاکہ ہمیں وقت کے ساتھ ساتھ طالبعلموں کی مشغولیت اور فلاح کی نوعیت کو سمجھنے میں مدد ملے۔

9. کیا سکول کے تمام طالبعلم سروے میں حصہ لے سکتے ہیں؟

پرائمری سکول سروے Year 4 تا Year 6 کے طالبعلموں کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔ سکولوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ ان جماعتوں کے زیادہ سے زیادہ طالبعلموں کو شریک ہونے کا موقع دیں۔ سیکنڈری سکولوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ Year 7 تا Year 12 کے زیادہ سے زیادہ طالبعلموں کو شریک ہونے کا موقع دیں۔

10. *Tell Them From Me* سروے کب ہو گا؟

تمام شریک سکولوں میں یہ سروے ٹرم 1 اور (انتخاب پر منحصر) ٹرم 4/3 کے آخر میں انجام پائیں گے۔

CESE کیا ہے؟

تعلیمی شماریات و جائزے کا مرکز (CESE) نیو ساؤتھ ویلز ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا حصہ ہے۔

CESEکا قیام نیو ساؤتھ ویلز میں تعلیم کو زیادہ مؤثر اور زیادہ فعال بنانے اور اس کے بہتر احتساب کیلئے کیا گیا ہے۔ CESE یہ معلوم کرے گا اور آگے بیان کرے گا کہ کیا کارآمد ہے، اور اس طرح تمام تعلیم میں تدریس اور سیکھنے کو بہتر بنانے کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

CESE کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں: www.cese.nsw.gov.au

The Learning Bar کیا ہے؟

The Learning Bar پرائمری اور سیکنڈری دونوں سطح کے طالبعلموں کیلئے تحقیق کی بنیاد پر طالبعلموں کی جانچ اور سروے تشکیل اور انجام دینے میں خصوصی مہارت رکھنے والی کمپنی ہے۔ کمپنی کی اپنی تحقیقی ٹیم، صدر Dr J Douglas Willms کی سربراہی میں وسیع پراجیکٹس انجام دیتی ہے جنہیں قومی پالیسی کو متاثر کرنے کیلئے سکول سسٹم میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس تحقیق کے سبب *Tell Them From Me* کینڈا میں سب سے بڑا قومی سکول سروے بن چکا ہے جسے دس میں سے نو صوبوں میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ عالمی سطح پر 6,300 سے زیادہ سکولوں اور 54 لاکھ سے زیادہ طالبعلموں نے اس سروے میں حصہ لیا ہے۔

Dr Willms کچھ ہی عرصہ پہلے تک خواندگی اور انسانی ترقی میں صف اول کے کینیڈا ریسرچ چیئر تھے۔ وہ OECD کے پروگرام فار انٹرنیشنل سٹوڈنٹ اسیسمنٹ (Programme for International Student Assessment – PISA) کیلئے طالبعلموں کی مشغولیت کے بارے میں سوالات تشکیل دینے میں قائدانہ کردار ادا کرتے ہیں۔

محض انتظامی مقاصد کیلئے *The Learning Bar* کو سروے کے سوالات پر طالبعلموں کے قابل شناخت جوابات تک عارضی رسائی بھی حاصل ہو گی۔
The Learning Bar اور ڈیپارٹمنٹ میں CESE محققین کے علاوہ، طالبعلموں کے قابل شناخت جوابات کسی دوسرے شخص یا ادارے کو مہیا نہیں کیے جائیں گے، سوائے اس کے کہ قانون نے یہ لازمی قرار دیا ہو۔

***The Learning Bar* کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں: www.thelearningbar.com**

گار آپ ولادین کے سروے کے بارے میں کوئی سولا پوچھنا چاہیں تو برہا مہربانCESEی سے اس ای میل پتے پر رابطہ کریں: TTFM@det.nsw.edu.au
یا ف اسون نمبر پر: **1300 131 499**